07/01/2026 12.30 pm

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ **بصارت غل** سے خبریں سُن

لیفٹننٹ گورنر

لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ کشمیر سے کنیا کماری تک بھارت کے نوجوان کھیل کود سمیت تمام دیگر شعبوں میں کامیابی کی ایک نئی داستان رقم کر رہے ہیں۔

گیمز کے دوسرے شمارے کی افتتاحی تقریب میں شرکت کے دوران Beach مینکھیلو انڈیا Diu انہوں نے کھیل کود کے ذریعے سے نوجوانوں کو با اختیار بنانے کا عزم دہرایا ۔

وزیر اعلیٰ

Skiing وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے گلمرگ، سونمرگ اور دودھ پتھری جیسے سیاحتی مقامات کو ٹریننگ کورس کا ورچول Skiing کے نقشے پر لانے کےلئے جموں سے 14 روزہ مر بوط طریقے پر آغاز کیا۔

انہوں نے ساتھ ہی ایک علیحدہ تقریب میں محکمہ

ۂ سیاحت اور جے اینڈ کے کیبل کار کارپوریشن کے کلینڈرس بھی جا ری کئے۔ اس دوران وزیر اعلیٰ نے باغِ بہو جموں میں ڈاک بنگلے کی تعمیر کا سنگ بنیاد رکھا۔ اس ڈاک بنگلے میں سیاحتی اعتبار سے تمام جدید سہولیات دستیاب رہیں گی۔

دریں اثناءوزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے جموں میں محکمہ تعمیراتِ عامہ کی ایک میٹنگ کے دوران آر اینڈ بی کے تحت زیرِ عمل پروجیکٹوں کی پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیتے ہوئے محکمے میں ایک ارب 19 کروڑ روپے مالیت کے پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد رکھا اور دیگر 33 کروڑ روپے مالیت کے پروجیکٹوں کا ای افتتاح کیا ۔

نائب وزیر اعلیٰ

نائب وزیر اعلیٰ سُریندر کمار چودھری نے جمونو کشمیر میں کسانوں کے فائدے اور فصلوں کی پیداواریت میں اضافے کے لئے زرعی سکیموں کی زمینی سطح پر موثر عمل آوری یقینی بنانے کی ضرورت اجا گر کی ہے ۔

سکاسٹ جموں کے وائس چانسلر ڈاکٹر بی این تریپاٹھی کے ساتھ ایک میٹنگ کے دوران انہوننے کہا کہ موجودہ حکومت باغبانی ، زراعت ، پشو پالن اور دیگر منسلک شعبوں کی ترقی یقینی بنانے کی وعدہ بند ہے۔

MBBS

ریاسی کے کٹڑہ میں واقع شری ماتا ویشنو دیوی انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل ایکسی لینس کا تعلیمی سیٹوں کا اجازت نامہ منسوخ کردیا گیا ہے۔ نیشنل میڈیکل کمیشن MBBS سال 2025-26 کا پچاس بورڈنے طے کردہ کم از کم پیمانوں کی عدم تکمیل کے Assessment and Rating کے میڈیکل باعث میڈیکل کالج کو دیا گیا اجازت نامہ واپس لے لیا ہے۔

گ
قومی میڈیکل کمیشن کا فیصلہ فوری طور پر نافذ العمل ہوگیا ہے۔

سیاح

وادی میں سرمائی سیاحت کو فروغ دینے کےلئے سرکاری سطح پر تمام ضروری اقدامات کئے جا رہے ہیں، اور ان دنوں بڑی تعداد میں سیاح گلمرگ، سونہ مرگ اور پہلگام کی سیر کر تے نظر آ رہے ہیں۔

وادی کے دلفریب نظاروں اور یہاں کے مقامی لوگوں کی مہمان نوازی سے متاثر ہو کر چند سیاحوں نے اپنے جذبات کا اظہار کچھ یوں کیا ۔

------ٍَTourists-------

بجٹ

دیہی ترقی کی مرکزی وزارت نے وکست بھارت جی رام جی کے تحت مالی سال 2026 کے لئے جموں کشمیر کی خاطر چار کروڑ 45 لاکھ روپے کا نظر ثانی شدہ لیبر بجٹ منظور کیا ہے ۔ اس سلسلے میں جموں کشمیر کے محکمہ ترقی نے مرکز کو ایک منصوبہ بھیجا تھا ۔

تفصیلات کے مطابق مرکزی وزارت نے سیلاب سے متاثرہ 1962 گرام پنچایتوں کے لئے متاثرہ کنبوں کو روزگار فراہم کرنے کی غرض سے ان کے لئے کام کے اضافی 50 دن فراہم کرنے کی بھی منظوری دی ہے ۔

جاوید احمد رانا

ایک شمولیتی اور شراکت پر مبنی گورننس کے لئے رابطہ کاری پہل کے تحت جل شکتی اور قبائلی امور کے وزیر جاوید احمد رانا نے سرینگر میں قبائلی طبقوں سے وابستہ اہم شخصیات کے ساتھ گفت شنید کا ایک پروگرام منعقد کیا ۔

وزیر موصوف نے ایک ذمہ دار حکمرانی سے قبائلی طبقوں کو با اختیار بنانے کے لئے متحدہ کوششیں کرنے کی ضرورت اجا گر کی ۔

DCs

ڈپٹی کمشنر سرینگر اکشے لابرو نے گورنمنٹ مڈل سکول گنگہ بُگ میں نئی عمارت پر شروع کئے گئے کام کا معائینہ کیا ۔

ڈپٹی کمشنر بڈگام ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ نے ضلع سے تعلق رکھنے والی لڑکیوں کے ایک گروپ کو پہلگام کے ٹریکنگ کیمپ کے لئے روانہ کیا ۔

ڈپٹی کمشنر بانڈی پورہ اندو کنول چِب نے ضلع میں محکمہ سماجی بہبود کی کارگزاری کا جائزہ لیتے ہوئے عوام دوست رویہ اپنانے پر زور دیا ۔

ڈسٹریبیوشن Revamped ڈپٹی کمشنر کولگام اطہر عامر خان نے ضلع میں بجلی کے سیکٹر کی سیکٹر سکیم پر عمل آوری کی اب تک کی پیش رفت کا جائزہ لیا ۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ

****